© rasailojaraid.com

# مطبوعات

**زندگی کی راہیں قرآن میں** تالیف۔ مولانا عبدالغنی کوکب ایم۔ اے۔ شائع کردہ: حاجی عاشق حسین زاہد منزل پیر مکی سٹریٹ لاہور۔ ملنے کا پتہ۔ شوکت برادرز، اُردو بازار، لاہور۔ صفحات: ۲۷۰ قیمت چھ روپے

اس کتاب کے فاضل مصنف اِس ملک کے علمی اور دینی حلقوں میں کسی تعارف کے محتاج نہیں۔ زیرِ تبصرہ کتاب اگرچہ طالبانِ حق کو قرآنِ حکیم کی بنیادی تعلیمات سے متعارف کرانے کے لیے لکھی گئی ہے مگر جس اچھے انداز میں انہوں نے اسے ترتیب دیا ہے اس سے اُن کی قرآن فہمی کے علاوہ حکمتِ تبلیغ سے اُن کی عملی واقفیت کا بھی بخوبی اندازہ ہوتا ہے۔ انہوں نے قرآن مجید کی آیات کو مختلف عنوانات کے تحت جمع کر کے درس کے انداز میں بڑے سادہ اور عام فہم الفاظ میں اُن کی تشریح کی ہے۔ چند بڑے بڑے عنوانات یہ ہیں۔ داستانِ بنی اسرائیل۔ نیکی کیا ہے۔ شراب۔ جُوا۔ غیر مسلموں سے شادیاں۔ ریاء۔ سُود۔ ادھار کا لین دین۔ ناجائز کمائی خاندان اور معاشرت کی ذمہ داریاں۔ خونِ مسلم۔ احکامِ الٰہی کا تمسخر۔ صراطِ مستقیم۔ والدین۔ آدابِ ملاقات۔ عورتوں کے لیے آدابِ حجاب۔ اخوتِ اسلامی۔ مساواتِ انسانی۔ قرآن مجید کا پیغام گھر گھر پہنچانے کی یہ ایک کامیاب کوشش ہے۔ جس سے کلامِ الٰہی کے شیدائیوں کو پُورا پُورا فائدہ اٹھانا چاہیئے۔

کتاب کا معیارِ طباعت و کتابت عمدہ ہے۔

---

**مسیحیت مغربی پاکستان میں** ناشر: رابطۂ دعوت و تبلیغ، احمد مینشن۔ ۴۹۔ شاہراہِ قائدِاعظم مال روڈ لاہور۔

اس معلومات افزا کتابچے میں مغربی پاکستان کے اندر مسیحیت کی رفتارِ ترقی اور اس کے اسباب کا جائزہ پیش کیا گیا ہے اور آخر میں مسلمانوں کو اُن کی ذمہ داریاں یاد دلائی گئی ہیں۔

---



© rasailojaraid.com